# ECONOMICS HSSC–I

## SECTION – A (Marks 20)

57

**Time allowed: 25 Minutes**

**Version Number 3 1 4 1**

**Note:** **Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on the separately provided OMR Answer Sheet which should be completed in the first 25 minutes and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed. Do not use lead pencil.**

**Q. 1** **Choose the correct answer A / B / C / D by filling the relevant bubble for each question on the OMR Answer Sheet according to the instructions given there. Each part carries one mark.**

1) Which of the following statements is related to positive science?
   A. Rich people should be taxed
   B. In order to reduce poverty, government should raise the income level of poor
   C. Agriculture sector is the largest sector of Pakistan's economy
   D. Nestle ought to reduce the price of MilkPak to attract customers

2) Lack of resources in relation to demand is called:
   A. Supply B. Demand C. Scarcity D. Desire

3) The utility which is derived from the consumption of an additional unit of a good is called:
   A. Total utility B. Marginal utility C. Average utility D. Negative utility

4) Total utility reaches its maximum when:
   A. Marginal utility equals total utility B. Marginal utility is positive
   C. Marginal utility is zero D. Marginal utility is negative

5) The willingness and ability of a buyer to purchase a good is called:
   A. Supply B. Demand C. Scarcity D. Desire

6) Given the equation $y = -10 + 2x$. the slope of the equation is:
   A. $-10$ B. $2$ C. $-8$ D. $-12$

7) Which of the following is a demand equation?
   A. $Q = -10 + 2P$ B. $Q = 10 + 2P$ C. $Q - 2P = -10$ D. $Q + 2P = 10$

8) In a function, a variable whose value is determined by the values of another variable is called:
   A. Continuous variable B. Discontinuous variable
   C. Dependent variable D. Independent variable

9) Which of the following would not shift the demand curve for a good?
   A. A change in income
   B. A change in the price of a substitute good
   C. A change in expectations about the price of the good
   D. A change in the price of the good

10) A 10% decrease in the price of milk, brings a 5% increase in demand. The elasticity of demand in this case will be:
   A. Lesser than unity B. Greater than unity
   C. Equal to unity D. Equal to zero

11) If other things do not change, an increase in price results in an increase in quantity supplied. This is known as:
   A. Law of increasing return B. Law of diminishing return
   C. Law of supply D. Law of demand

12) A market is in equilibrium when:
   A. Demand is greater than the supply B. Demand is lesser than the supply
   C. Demand is equal to supply D. Demand is equal to zero

13) Short run is a time period in which:
   A. The size of the frim/plant can be altered
   B. The amount of output is fixed
   C. The units of all factors of production can be changed
   D. The units of some factors of production remain fixed and the units of other factors can be changed

14) The marginal product of labour is the change in total product resulting from one-unit increase in:
   A. The wage rate B. Total cost
   C. The quantity of labour D. Average product

15) If fixed cost is deducted from total cost, we get:
   A. Marginal cost B. Average cost C. Variable cost D. Profit

16) Average cost is equal to total cost divided by:
   A. Fixed cost B. Total output
   C. Number of workers D. Variable cost

17) Marginal cost is equal to average cost when average cost:
   A. Reaches its maximum B. Reaches its minimum
   C. Is negative D. Is zero

18) Which of the following is a characteristic of a perfectly competitive market?
   A. A few large firms
   B. Firms producing specialized products in order to attract consumers
   C. Each individual firm having some control over the market price
   D. A large number of small firms

19) The reward of entrepreneur is called:
   A. Profit B. Rent C. Interest D. Wage

20) Who introduced the concept of qausi rent?
   A. David Ricardo B. Adam Smith C. Marshal D. Keynes

eduvision.edu.pk

# معاشیات ایچ ایس ایس سی-I

| Version No. | 3 | 1 | 4 | 1 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25 منٹ — حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی او ایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** مہیا کی گئی او ایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان علم الحقیقت سے تعلق رکھتا ہے؟
A امیر لوگوں پر ٹیکس عائد کرنا چاہیے
B غربت کے خاتمے کے لیے حکومت کو غربا کی آمدنیوں کو بڑھانا چاہیے
C زرعی شعبہ پاکستان کی معیشت کا سب سے بڑا شعبہ ہے
D نیسلے کمپنی کو صارفین کو متوجہ کرنے کے لیے ملک پیک کی قیمت میں کمی کرنا چاہیے

2) طلب کے مقابلے میں وسائل کی کمی کا ہونا کیا کہلاتا ہے؟
A رسد B طلب C کمیابی D خواہش

3) کسی شے کی اضافی اکائی کے استعمال سے جو افادہ حاصل ہوتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟
A کُل افادہ B مختتم افادہ C اوسط افادہ D منفی افادہ

4) کُل افادہ اس وقت زیادہ سے زیادہ ہوتا ہے جب:
A مختتم افادہ کُل افادے کے برابر ہوتا ہے
B مختتم افادہ مثبت ہوتا ہے
C مختتم افادہ صفر ہوتا ہے
D مختتم افادہ منفی ہوتا ہے

5) ایک خریدار کی کسی شے کو خریدنے کی قوت اور خواہش کیا کہلاتی ہے؟
A رسد B طلب C کمیابی D خواہش

6) مساوات $y=-10+2x$ میں جھکاؤ (slope) کون سا ہے؟
A $-10$ B $2$ C $-8$ D $-12$

7) مندرجہ ذیل میں سے کون سی طلب کی مساوات ہے؟
A $Q=-10+2P$ B $Q=10+2P$ C $Q-2P=-10$ D $Q+2P=10$

8) ایک تفاعل میں ایک متغیر جس کی قدر کسی دوسرے متغیر کی وجہ سے متعین ہوتی ہے۔ اسے کون سا متغیر کہتے ہیں؟
A متغیر مسلسل B متغیر غیر مسلسل C تابع متغیر D آزاد متغیر

9) مندرجہ ذیل میں سے کس کی وجہ سے کسی شے کے لیے خط طلب منتقل (shift) نہیں ہوگا؟
A آمدنی میں تبدیلی
B متبادل شے کی قیمت میں تبدیلی
C شے کی قیمت سے متعلق توقعات میں تبدیلی
D شے کی قیمت میں تبدیلی

10) دودھ کی قیمت میں 10 فیصد اضافہ، طلب میں 5 فیصد کمی کا باعث بنتا ہے۔ اس صورت میں طلب کی لچک کیا ہوگی؟
A اکائی سے کم B اکائی سے زیادہ C اکائی کے برابر D صفر کے برابر

11) اگر باقی حالات تبدیل نہ ہوں اور کسی شے کی قیمت میں اضافے سے اس شے کی مقدار رسد میں اضافہ ہو جائے تو اسے کیا کہتے ہیں؟
A قانون تکثیر حاصل B قانون تقلیل حاصل C قانون رسد D قانون طلب

12) منڈی اس وقت توازن کی حالت میں ہوتی ہے جب:
A طلب رسد سے زیادہ ہو B طلب رسد سے کم ہو C طلب رسد کے برابر ہو D طلب صفر کے برابر ہو

13) عرصہ قلیل ایسا عرصہ وقت ہوتا ہے جس میں:
A فرم/ پلانٹ کے سائز میں تبدیلی کی جا سکتی ہے
B پیداوار کی مقدار معین ہوتی ہے
C تمام عاملین پیدائش کی اکائیاں تبدیل کی جا سکتی ہیں
D بعض عاملین پیدائش کی اکائیاں معین ہوتی ہیں اور کچھ عاملین پیدائش کی اکائیوں میں تبدیلی لائی جا سکتی ہے

14) ________ میں اضافے کی وجہ سے کُل پیداوار میں جو تبدیلی ہوتی ہے اسے مزدور کی مختتم پیداوار کہتے ہیں۔
A شرح اجرت B کُل لاگت C مزدوروں کی تعداد D اوسط پیداوار

15) کُل لاگت میں سے اگر معین لاگت کو نکال دیا جائے تو کیا حاصل ہوگا؟
A مختتم لاگت B اوسط لاگت C متغیر لاگت D منافع

16) کُل لاگت کو کس پر تقسیم کرنے سے اوسط لاگت حاصل ہوتی ہے؟
A معین لاگت B کُل پیداوار C کارکنوں کی تعداد D متغیر لاگت

17) مختتم لاگت اس وقت اوسط لاگت کے برابر ہوتی ہے جب اوسط لاگت:
A زیادہ سے زیادہ ہوتی ہے B کم سے کم ہوتی ہے C منفی ہوتی ہے D صفر ہوتی ہے

18) مندرجہ ذیل میں سے مکمل مقابلہ کی منڈی کی خصوصیت کی نشاندہی کیجیے۔
A چند بڑی فرمیں
B صارفین کو متوجہ کرنے کے لیے فرمیں مخصوص اشیا پیدا کرتی ہیں
C ہر انفرادی فرم کا منڈی کی قیمت پر کسی حد تک کنٹرول ہوتا ہے
D چھوٹی فرموں کی بہت بڑی تعداد

19) آجر کے معاوضے کو کیا کہا جاتا ہے؟
A منافع B لگان C سود D اُجرت

20) شبہی لگان/ نام نہاد لگان کا تصور کس نے پیش کیا؟
A ڈیوڈ ریکارڈو B آدم سمتھ C مارشل D کینز

eduvision.edu.pk

58

# ECONOMICS HSSC–I

**Time allowed: 2:35 Hours** **Total Marks Sections B and C: 80**

**NOTE: Answer any fifteen parts from Section 'B (a)' one part from Section 'B(b)' and any three questions from Section 'C' on the separately provided answer book. Use supplementary answer sheet i.e. Sheet–B if required. Write your answers neatly and legibly.**

## SECTION – B (Marks 50)

**Q. 2 a. Attempt any FIFTEEN parts. The answer to each part should not exceed 3 to 5 lines.** **(15 x 3 = 45)**

(i) Human wants have a major role in all economic activities. Give any three characteristics of these.

(ii) Economic laws are not as exact as the laws of the natural sciences. Why?

(iii) Why an indifference curve is downward sloping? Explain briefly.

(iv) Write down three characteristics of Utility.

(v) What is a Variable? Differentiate between a continuous and a discrete variable.

(vi) What is Primary data? Indicate any two sources of Primary data.

(vii) What do you mean by movement along the demand curve? Explain briefly.

(viii) Write down any three factors which determine the elasticity of demand.

(ix) Derive the functional equation of supply using the data of the given schedule:

| Price | Quantity Supplied |
|---|---|
| 5 | 12 |
| 8 | 18 |

eduvision.edu.pk

(x) Show the effect on equilibrium price and quantity with the help of a diagram if demand and supply rise equally.

(xi) Discuss any three factors which affect efficiency of labour.

(xii) Why is land different from other factors of production? Explain briefly.

(xiii) Write down any three economies of large scale production.

(xiv) Differentiate between Marginal Product and Average Product of labour.

(xv) Show the Fixed Cost, Variable Cost and Total Cost Curves in a diagram.

(xvi) Why Average Cost Curve, in the beginning falls, reaches its minimum and then rises?

(xvii) Draw the Total Revenue, Average Revenue and Marginal Revenue Curves under Perfect competition.

(xviii) Under Monopoly how is 'Marginal Revenue' different from 'Average Revenue'?

(xix) Write down any three characteristics of perfect competition.

(xx) Name any three factors which determine real wages.

(xxi) Differentiate between profit and interest.

**b. Attempt any ONE part.** **( 1 x 5 = 5 )**

(i) Differentiate between Microeconomics and Macroeconomics.

(ii) Enumerate five benefits of large scale production.

## SECTION – C (Marks 30)

**Note: Attempt any THREE questions. All question carry equal marks.** **( 3 x 10 = 30 )**

**Q. 3** "Economics is the Science of Scarcity and Choice". Explain.

**Q. 4** Explain the Unity Method in the measurement of elasticity of demand.

**Q. 5** Why should a firm under perfect competition continue operating its business in short run although it is facing losses? Explain with the help of diagram.

**Q. 6** Critically examine the "Theory of Rent" presented by David Ricardo.

# معاشیات ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصہ دوم اور حصہ سوم : 80

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ حصہ دوم-الف میں سے پندرہ (15) اجزاء، دوم۔ ب میں سے ایک (1) جزو اور حصہ سوم میں سے کوئی سے تین (3) سوال حل کیجیے۔ ایکسٹراشیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

**سوال نمبر۲: الف۔ مندرجہ ذیل اجزاء میں سے پندرہ (15) کے تین سے پانچ سطروں تک محدود جوابات لکھیں:** **(15 x 3 = 45)**

(i) انسانی حاجات کا تمام معاشی سرگرمیوں میں بہت بڑا کردار ہے۔ ان کی کوئی سی تین خصوصیات لکھیے۔

(ii) معاشی قوانین اتنے درست ثابت نہیں ہوتے جتنے طبعی علوم کے قوانین۔ کیوں؟

(iii) ایک خط عدم ترجیح کا جھکاؤ نیچے کی طرف کیوں ہوتا ہے؟ مختصراً وضاحت کیجیے۔

(iv) افادہ کی کوئی سی تین خصوصیات لکھیے۔

(v) متغیر کیا ہوتا ہے؟ متغیر مسلسل اور متغیر غیر مسلسل میں فرق واضح کریں۔

(vi) ابتدائی مواد (Primary data) کیا ہوتا ہے؟ ابتدائی مواد کے کوئی سے دو ذرائع بتائیے۔

(vii) خط طلب کے ساتھ حرکت سے آپ کیا مراد لیتے ہیں؟ مختصراً وضاحت کیجیے۔

(viii) طلب کی لچک کا تعین کرنے والے کوئی سے تین عوامل لکھیے۔

(ix) مندرجہ ذیل گوشوارے کی مدد سے رسد کی تفاعلی مساوات اخذ کیجیے:

| قیمت | مقدار رسد |
|---|---|
| 5 | 12 |
| 8 | 18 |

(x) اگر طلب اور رسد میں برابر اضافہ ہو جائے تو اس کا توازنی قیمت اور مقدار پر اثر دکھائیے۔

(xi) محنت کی استعداد کار کو متاثر کرنے والے تین عوامل بیان کیجیے۔

(xii) زمین دوسرے عاملین پیدائش سے کیوں مختلف ہے؟ مختصراً وضاحت کریں۔

(xiii) بڑے پیمانے پر کاروبار کرنے کی تین کفایات بیان کیجیے۔

(xiv) محنت کی مختتم پیداوار اور اوسط پیداوار میں فرق واضح کریں۔

(xv) ایک ڈائیگرام میں معین لاگت، متغیر لاگت اور کل لاگت کے خطوط دکھائیے۔

(xvi) اوسط لاگت کا خط شروع میں گرتا ہے۔ اپنی کم سے کم سطح پر پہنچتا اور پھر اوپر کی طرف اُٹھتا ہے۔ کیوں؟

(xvii) مکمل مقابلے کے تحت کل وصولی، اوسط وصولی اور مختتم وصولی کے خطوط بنائیے۔

(xviii) اجارہ داری میں مختتم وصولی کس طرح اوسط وصولی سے مختلف ہوتی ہیں؟

(xix) مکمل مقابلہ کی تین خصوصیات لکھیے۔

(xx) حقیقی اجرت کو متعین کرنے والے تین عوامل لکھیے۔

(xxi) منافع اور سود میں فرق واضح کیجیے۔

**ب۔ مندرجہ ذیل اجزاء میں سے کسی ایک (1) کا جواب لکھیں:** **(1 x 5 = 5)**

(i) جزوی معاشیات اور کلی معاشیات میں فرق واضح کیجیے۔

(ii) بڑے پیمانے پر کاروبار کے پانچ فوائد تحریر کیجیے۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

**(کوئی سے تین سوال حل کیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔)** **(3 x 10 = 30)**

**سوال نمبر۳:** ''معاشیات کمیابی اور انتخاب کا علم ہے''۔ وضاحت کیجیے۔

**سوال نمبر۴:** طلب کی لچک کی پیمائش کے سلسلہ میں اکائی کے طریقے کی وضاحت کیجیے۔

**سوال نمبر۵:** مکمل مقابلے کے تحت ایک فرم کو اپنا کاروبار عرصہ قلیل میں کیوں جاری رکھنا چاہیے جبکہ اس کو نقصانات کا سامنا ہو؟ ڈائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجیے۔

**سوال نمبر۶:** ڈیوڈ ریکارڈو نے جو نظریہ لگان پیش کیا اس کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

eduvision.edu.pk